اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بے پڑھی لکھی(غیر تعلیم یافتہ) /بزرگ اسلامی بہنوں کے جائزہ لینے سے متعلق مدنی پھول

﴿1﴾بے پڑھی لکھی / ایسی اسلامی بہنیں جنکی نظر کمزور ہو انکے لیے بھی "روزانہ جائزہ "لیناضروری ہے کم از کم خود اپنے اعمال پر غور وفکر کرلیں یادر ہے !"گھر کا کوئی فرد / ذمہ دار اسلامی بہن ان سے پوچھ پوچھ کر خانوں میں نشان نہیں لگاسکتی کیونکہ اسکی شرعاًاجازت نہیں ہے کہ اگر انکا کسی فرض پر عمل نہیں ہو گا تو گناہ کا اظہار ہو جائے گا اور مروت کی بنا پر "ہاں" کہہ دیا تو جھوٹ ہو جائے گا

﴿2﴾شعبہ اصلاح اعمال کی جانب سے یہ مشورہ ہے کہ ایسی بے پڑھی لکھی اسلامی بہنوں کو اردو سیکھنے کا ذہن دیا جائے امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ تو بیرون ملک والوں کو اردو سیکھنے کی ترغیب دلاتے ہیں تاکہ مطالعہ اور دیگر فرض علوم سیکھنے میں آسانی رہے کیونکہ بات صرف جائزہ لینے کی نہیں بلکہ ہر شخص کو خود پر عائد کردہ فرض علوم سیکھنا فرض ہے یہ انتہائی ضروری ہے اللہ پاک ہمیں علم دین سیکھنے کا ذہن اور شوق عطا فرمائے اٰمین۔

﴿3﴾بے پڑھی لکھی اور پڑھی لکھی اسلامی بہن آمنے سامنے اتنے فاصلے پر بیٹھیں کہ رسالے پر نظر نہ پڑے پڑھی لکھی اسلامی بہن ترتیب وار نیک اعمال (سوال) پڑھے اور بے پڑھی نشان لگائے،خود سے نشان لگانے کا طریقہ سکھا دیا جائے اور بالآخر ایسی تربیت کی جائے کہ وہ خود نیک اعمال کا رسالے پر نشان لگانے والی بن جائے اور تربیت کرنا مدد کرنا زبردست نیکی ہے اللہ پاک ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے اٰمین۔

﴿4﴾یومیہ 47 نیک اعمال کو ترتیب وار گنتی کے ذریعے پہچان کرواکر خود سے یوں جائزہ لینے کی ترغیب دلائی جائے مثلاً نمبر1 پر اچھی نیتوں والا عمل ہے نمبر2 پر پانچوں نمازیں والا نیک عمل ہے نمبر3 پر تسبیح فاطمہ والا نیک عمل۔ علی ھذا القیاس

﴿5﴾بے پڑھے لکھی اسلامی بہن نیک اعمال کا رسالہ سامنے رکھتے ہوئے "63 نیک اعمال کا آڈیو جائزہ" آن کرکے اسکے ذریعے رسالہ فل کرتی جائیں ۔

﴿6﴾شعبہ اصلاح اعمال کے تحت ملنے والے "بڑے حروف تحریر 63 نیک اعمال" کی پاؤڈر کاپی کرواکر ابتدائی چند نیک اعمال کو مختلف کلر سے ہائی لائٹ کرکے مثلاً پیلا کلر اچھی اچھی نیتوں سے متعلق، نیلا کلر پانچوں نمازوں سے متعلق، فروزی کلر تسبیح فاطمہ سے متعلق علی ھذا القیاس یوں جب انھیں مختلف رنگوں سے ہر ہر نیک عمل کی پہچان ہو جائے گی تو وہ خود سے ہی کچھ نہ کچھ نیک اعمال کا جائزہ لے سکیں گی ان شآءاللہ الکریم

﴿7﴾نیک اعمال کے رسالے میں ہر نیک عمل کے مطابق تصویر بنا کر دینا مثلاً پانچوں نمازوں کا اشارہ "جائے نماز" تسبیح فاطمہ کا اشارہ "تسبیح" بنانا وغیرہ شعبہ اصلاح اعمال اور دارالافتاء سے شرعاًاجازت نہیں۔

﴿8﴾ناقص مشورہ ہے کہ !پڑھی لکھی اسلامی بہنیں ابھی بیان کردہ مختلف طریقوں کے مطابق بے پڑھی لکھی اسلامی بہنوں کی تربیت کرکے انہیں خود سے جائزہ لینے کے لئے تیار کریں یہ ہمارے لیئے زبردست ثوابِ جاریہ بھی ہے اور کسی مسلمان کی مشکل آسان کرنے کے ساتھ ساتھ دلجوئی بھی ہے اللہ پاک سب کو اسکی سعادت نصیب فرمائے۔اٰمین